# جامعہ ملیہ اسلامیہ میں کورین اسٹڈیز پروگرام کا آغاز

نئی دہلی

پریس ریلیز

جامعہ ملیہ اسلامیہ نے رواں تعلیمی سال 18-2017 میں کورین زبان وادب کے لئے پروگرام کا اعلان کردیا ہے۔ایک مفاہمتی یادداشت کے حوالہ سے جامعہ نے کوریا فاونڈیشن کے اشتراک سے سرٹیفیکیٹ اور دیگر کورسیز کا آغاز کردیا ہے۔ مفاہمت کے مطابق کوریا فاؤنڈیشن نے اس کے لئے باضابطہ مہمان پروفیسر کی تقرری کردی ہے جو طلباء کو کوریا زبان وادب کی تعلیم دیں گے۔

ایک اعلیٰ سطحی کورین وفد کے ساتھ بات چیت میں جامعہ ملیہ اسلامیہ کے وائس چانسلر پروفیسر طلعت احمد نے کہا کہ جامعہ ملیہ اسلامیہ نے حتی الامکان کوریائی زبان وادب کو فروغ دینے کے لئے اقدامات کا آغاز کردیا ہے۔وفد کی سربراہی اکیڈمی آف کورین اسٹڈیز کے نائب صدر پروفیسر شن کررہے تھے، جبکہ ان کے ساتھ جانگ وون، پروفیسر ڈویونگ کم، کورین فاونڈیشن کے وزیٹنگ پروفیسر اور ڈاکٹر ینگ رہان چنگ ڈائریکٹر سینٹر فار انٹرنیشنل افییرس کے علاوہ اکیڈمی کے دیگر مہمانان شامل تھے۔

وفد سے بات چیت کرتے ہوئے پروفیسر طلعت احمد نے کورین فاونڈیشن اور اکیڈمی آف کورین اسٹڈیز کا شکریہ ادا کیا۔انھوں نے کہا کہ کورین فاونڈیشن اور اکیڈمی کے اس تعاون سے ہم آئندہ بھی کوریا زبان وادب کے حوالہ سے کام کو آگے بڑھاسکیں گے۔انھوں نے امید ظاہر کرتے ہوئے کہا کہ یہ اشتراک اور تعاون ہندکوریائی تعلقات میں سنگ میل ثابت ہوگا۔

قابل ذکر ہے کہ 10 فروری 2017 کو کورین سفیر مسٹر چوہیون نے جامعہ ملیہ اسلامیہ میں ''ہندوستان اور جنوبی کوریا کے مابین مطابقت: ہندوستانی طلباء کے لئے مواقع'' کے موضوع پر خطاب کے دوران جامعہ ملیہ اسلامیہ میں کوریائی زبان وادب کے لئے پروگرام کے انعقاد کا اعلان کیا تھا۔